میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ لبنان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر
Hizb ut Tahrir

بدھ، 29 رجب، 1438ھ | 26/04/2017 | نمبر: H.T.L 12/38

پریس ریلیز

عین الحلوۃ کے افسوس ناک واقعات اور حزب التحریر لبنان کے وفد کا دورہ

اُن افسوس ناک واقعات کے تناظر میں جس نے عین الحلوۃ میں ہمارے لوگوں کو متاثر کیا ہے جن کے دوران حزب التحریر نے بار بار مسلمان لہو کی حُرمت کے حوالے سے خبر دار کیا جبکہ ایک ذی روح کے قتل کی ممانعت ہو جس کو اللہ نے ممنوع فرمایا ہے، جب تک کہ اُس کا قتل بر حق نہ ہو، اور ایک مسلمان کے اپنے بھائی پر بندوق تاننے کی ممانعت ہو تو اُس کا قتل کیسے ہو سکتا ہے؟ اور پارٹی کا اِن واقعات اور اس سے پہلے ہونے والے واقعات کا بیرونی ایجنڈے سے تعلق کے بارے میں خبر دار کرنا ہو، اور یہ کہ ان لڑائیوں میں استعمال ہونے والی ہر بندوق کا مقصد اس کیمپ اور اس کے لوگوں کو ایسے رنگ میں رنگنا ہے جس کے ذریعے ہر دشمن اس قابل ہو سکے کہ وہ دھتکار دی، انتہاپسندی اور ان جیسے ملتے جلتے ناموں جن کی بنیاد اور سمت معلوم ہو چکے ہیں، کی آڑ میں اپنا ایجنڈا مسلط کر سکے۔ اور یہ کہ ہر مخلص آواز کو، چاہے وہ کتنی مختصر ہو اور کسی بھی جگہ سے اُٹھے، مسترد کر دیا جائے۔ اور پارٹی کا اس بات پر زور دینا کہ عین الحلوۃ کیمپ اور دیگر فلسطینی کیمپوں کے معاملات کو سیکورٹی کے خطرے کی طرح نہ دیکھا جائے جس سے وہی نتائج بر آمد ہوں جو دوسرے کیمپوں کے معاملات کو اسی طرز پر حل کرنے کے سبب ہوئے، جس میں نہر البارد کیمپ مشہور ہے، اور یہ کہ اس کا بنیادی حل سیاسی اداکاروں کے ساتھ سیاسی تفاعل ہے۔

ان واقعات کی روشنی میں اور اس تنبیہ کہ ذریعے حزب التحریر ولایہ لبنان نے اسلامی اور فلسطینی قیادتوں سے ملاقاتیں کیں، اپنا نکتہ نظر پیش کیا اور اپنے اس مؤقف پر خوب زور دیا جو مسلمانوں کے درمیان آپس کی لڑائی کو مسترد کرتا ہے اور ایک دین اور ایک مسلکے کے حامل لوگوں کے درمیان معاملات کو ہتھیاروں سے، خون بہا کر یا پروپیگنڈا سے حل کرنے کو بھی مسترد کرتا ہے۔

اس دورمیں حزب التحریر کی نمائندگی حزب التحریر ولایہ لبنان کے انتظامی بورڈ، پارٹی کی مرکزی رابطہ کمیٹی اور ولایہ لبنان میں حزب التحریر کے میڈیا آفس کے ممبران اور عین الحلوۃ کیمپ اور اس کے اطراف میں موجود حزب التحریر کے قائدین اور کارکنوں نے کی۔

وفد نے اپنے دورے کا آغاز لبنان میں الفتح موومنٹ کی قیادت سے سڈان میں واقع اس کے دفتر میں ملاقات سے کیا۔ جس کی نمائندگی لبنان میں موومنٹ کے سیکریٹری فتحی ابو العُردات، انقلابی کونسل کے ممبر رفعت شفاع اور سڈان میں PLO اور الفتح موومنٹ کے ٹوٹے ہوئے گروہوں کے سکریٹری بریگیڈیر جنرل ماہر شبیۃ نے کی۔ پھر پارٹی وفد نے بریگیڈیر جنرل محمود عیسیٰ المعروف 'علیو' سے ملاقات کی جو کہ سیڈان اور جنوب میں الفتح موومنٹ کے اندر ہی ایک ترقی پسند موومنٹ کے قائد ہیں۔

پھر وفد عین الحلوۃ کیمپ میں اسلامی فوجوں سے ملاقات کی طرف بڑھا جس کی نمائندگی مجاہد اسلامک موومنٹ کے قائد اور اسلامی فوجوں کے سکریٹری شیخ جمال خطاب نے کی جو کہ مجاہد اسلامک موومنٹ کے ایک وفد کی قیادت کر رہے تھے۔ اور شیخ ابی طارق السعدی، اسلامک عتبات الانصار آفیشل جو کہ عتبات الانصار کے ایک وفد کی قیادت کر رہے تھے۔

حزب التحریر کے اس دورے کی بنیاد مسلمانوں کے مفادات کا تحفظ ہے جو کہ اللہ کی طرف سے ایک قانونی فرض کی حیثیت سے ہر اُس شخص کی گردن پر ہے جس کو اللہ نے مسلمانوں کے امور میں سے کسی معاملے کا ذمہ دار بنایا ہے۔ اسلامی احکام کی طرف نشاندہی کرنا اور اس بات پر زور دینا کہ اسلامی احکام کی صاف، شفاف اور خالص آ گہی کی اشاعت ہی ان کی نوجوان نسل کی حفاظت کرے گی۔ خاص طور پر اُن میں سے جذباتی نوجوانوں کی کہ دشمن نفرت اور لڑائی کی آگ بھڑکا کر اُن کا ناجائز استعمال نہ کر لے اور اسلام، مسلمانوں اور اسلامی نظاموں کی تصویر کو بگاڑنے کی کوششوں سے اُن کی حفاظت ہو جائے۔

آخر میں ہم اُس گرم جوش استقبال کے لئے شکریہ ادا کرتے ہیں جو ہمیں دیا گیا اور میزبانوں کی ملاقاتوں کے لئے، اور جو کچھ گہرائی میں بیان کیا گیا اُس کے جواب کے لئے، اور ہمارے لوگوں اور ملک کے بھلے کی خاطر ان ملاقاتوں کو جاری رکھنے کی ضرورت پر زور دینے کے لئے بھی شکریہ ادا کرتے ہیں۔

اللہ کی خوشی ہی ہمارا مقصد ہو اور وہ سیدھے راستے کا رہنما ہے۔

ولایہ لبنان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس

ٹیلی فون: 009616629524 فیکس: 009616424695
ای میل: ht@tahrir.info
ویب سائٹ: www.tahrir.info
حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.org
حزب التحریر میڈیا آفس ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.info